**نماز کی سب سے بڑی کتاب**، مؤلف: حضرت مولانا نذیر الحق صاحب دہلویؒ، ناشر: مکتبہ الحق والمدنی کراچی، صفحات: ۷۰۰۔

اس کتاب میں نماز کے مسائل واحکام کو نہایت جامعیت اور کافی بسط وتفصیل کے ساتھ جمع کیا گیا ہے، ساتھ ساتھ روزہ، حج، زکوۃ اور احکام قربانی کو بھی ضمناً ذکر کیا گیا ہے، کتاب کے مؤلف حضرت مولانا نذیر الحق صاحب دہلویؒ شیخ الحدیث مدرسہ فتح پوری دہلوی ہیں، یہ کتاب ۶۳ سال قبل تقسیم ہند سے پہلے چھپی تھی، اب مولانا محمد امیر علوی صاحب میرٹھی مدظلہ نے اس پر تخریج وتحقیق اور تعلیق وحواشی کا کام کر کے اس کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے، ہمارے سامنے یہ کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے جو سابقہ طباعتی غلطیوں سے پاک ہے۔ البتہ حاشیہ میں علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور ومعروف کتاب ''ردالمحتار'' کو جگہ جگہ ''ردالمختار''، ''خ'' کے ساتھ لکھا گیا ہے، جبکہ صحیح ''ح'' کے ساتھ ''ردالمحتار'' ہے، جسے ''حاشیہ ابن عابدین'' اور ''شامی'' بھی کہا جاتا ہے۔

نماز سے متعلق اب تک منظر عام پر آنے والی کتابوں میں یہ سب سے ضخیم اور جامع کتاب ہے، اہل علم اور عوام دونوں اس سے استفادہ کر سکتے ہیں، یہ کتاب عمدہ طباعت کے ساتھ اعلیٰ ورق پر چھپی ہے۔ ملنے کا پتہ ہے: بنگلہ نمبر اے، ۲۳/۳، مدرسہ تحفیظ القرآن، شاہ فیصل کالونی کراچی۔

**منتخب مسائل**، مؤلف: مفتی محمد زکریا اشرف، ناشر: مکتبۃ الذکری، مکان نمبر: ۲۰۶۴، گلی نمبر ۹۷، آئی ٹین ون، اسلام آباد، صفحات: ۱۲۸۔

اس کتاب میں اکابرین کے فتاویٰ سے دور حاضر کے جدید مسائل کا انتخاب پیش کیا گیا ہے، جن میں فدائی حملوں کا شرعی حکم، الکحل اور اس کے استعمال کا حکم، پرائز بانڈ اور انعامی اسکیموں کا حکم، کریڈٹ کارڈ کی شرعی حیثیت، شیئرز کی خرید وفروخت کا حکم اور عورت کی ملازمت کے احکام وغیرہ شامل ہیں۔ یہ انتخاب جامعہ دارالعلوم کے متخصص جناب مفتی محمد زکریا اشرف صاحب نے مرتب کر کے پیش کیا ہے، اس پیشکش میں عوام الناس اور اہل علم دونوں کی سہولت وآسانی کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ وہ دور حاضر کے جدید مسائل کو یکجا دیکھ سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔

**البشیر والنذیر** (اردو شرح الترغیب والترہیب)، مترجم: مولانا محمد عثمان صاحب، ناشر: زم زم پبلشرز اردو بازار کراچی، صفحات، حصہ اول: ۷۹۰، حصہ دوم: ۸۵۲۔

''البشیر والنذیر'' کے نام سے دو جلدوں کی یہ کتاب حافظ زکی الدین منذری رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور ومعروف تالیف ''الترغیب والترغیب'' کا اردو ترجمہ وتشریح ہے،، بیک ٹائٹل پر کتاب کا تعارف معمولی اضافے کے ساتھ کچھ یوں پیش کیا گیا ہے:

''حضرات محدثین کرامؒ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے، انہوں نے مختلف موضوعات کو سامنے رکھ کر احادیث نبویہ کے مجموعے تیار کیے، انہی میں سے ایک اہم ترتیب ''ترغیب وترہیب'' کی بھی ہے جس میں چھانٹ چھانٹ کر ان احادیث کو جمع کیا گیا جن میں مختلف اعمال کے اجر وثواب اور بداعمالیوں کی سزا کا ذکر تھا، اس سلسلے میں علامہ

منذری رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ''الترغیب والترغیب'' بھی ہے، یہ مجموعہ سابقہ تمام مجموعوں سے زیادہ جامع بھی ہے اور احادیث کے معیار صحت کے لحاظ سے بھی سابقہ مجموعوں کی نسبت اس کا مقام بلند ہے اور ابواب کی ترتیب بھی نہایت موزوں ہے۔

اس کے اس ترجمے میں مندرجہ ذیل امور کا لحاظ رکھا گیا ہے:

☆ حدیث کو درج کرنے کے بعد اس کا سلیس اردو زبان میں ترجمہ کرایا ہے، جہاں ضرورت محسوس ہوئی تو اسکے متعلقہ ضروری فوائد بھی ''فائدہ'' کے بعد لکھ دیے گئے۔

☆ مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے جہاں احادیث کی سندوں پر کلام کیا ہے وہ حدیث کے ساتھ ہی مختصراً عربی میں درج کر دیا گیا ہے، اردو میں اس کے ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

لغوی تحقیقات عموماً حذف کردی گئی ہیں۔

فقہی اختلافات اور علمی مباحث چونکہ کتاب کے موضوع سے خارج ہیں اس لئے ان سے گریز کیا گیا ہے اور حدیث کا صرف مقصد، وعدہ وعید اور تبشیر وانذار (خوشخبری وڈراو) کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو کتاب کا اصل موضوع ہے، تاکہ عمومی طور پر اعمال صالحہ کا شوق اور اعمال سیئہ کی نفرت دل میں قائم ہو۔

☆ حدیث کے مضمون پر جہاں اشکال ہوسکتا تھا تو ترجمہ یا فائدہ میں ہی آسان انداز سے اس کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

☆ خودساختہ ترجمے کے بجائے جن احادیث کا ترجمہ اکابر کی کتابوں سے مل گیا انہی کے ترجمہ کو نقل کر دیا گیا، جیسے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ یا صاحب مظاہر حق وغیرہ کے تراجم سے مدد لی گئی۔

☆ کہیں کہیں ایک ہی حدیث، ایک ہی راوی اور ایک ہی قسم کے الفاظ کے ساتھ مختلف ابواب میں کسی مناسبت سے آ گئی تھی، ایسی روایات کو کہیں ایک مناسب مقام پر ذکر کر کے دوسری جگہوں پر نہیں لکھا گیا۔ کتاب میں صرف صحیح اور حسن احادیث کا ترجمہ کر کے انتخاب کیا گیا ہے۔..............زم زم پبلشرز کراچی کے اس نسخے میں احادیث کے نمبر مسلسل کر دیئے گئے ہیں اور ہر موضوع پر حدیث کے علیحدہ نمبر بھی دیے گئے ہیں، اس سے انشاء اللہ استفادہ کرنا اور حوالہ تلاش کرنا آسان ہو جائے گا''

مولانا محمد عثمان صاحب نے یہ شرح حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی توجہ اور صلاح و مشورے سے تالیف فرمائی ہے، کتاب کی ابتداء میں حضرت کی تقریظ بھی موجود ہے۔ کمپوزنگ کی غلطیوں کی اصلاح کی ضرورت ہے اور متن حدیث کسی بیرونی نسخے سے اسکین کر کے لگانا زیادہ مناسب ہے۔ کتاب کی طباعت و اشاعت اچھی اور جلد بندی مضبوط ہے۔

☆☆